حاصل کر لیا مرتبہ اطمینان قلب کا ہوا کہ کئی کئی احتمالات دل مین
نہ آوین کہ یون ہوگا یا وون ہوگا حضرت پیغمبر خدا صلعم نی فرمایا
کہ اگر حضرت ابراہیم کو کچھہ شک ہوتا تو ہم بہی شک کرتی یعنی
جب ہمکو شک نہین تو اون کو کاہی کو ہوگا واللہ تعالی اعلم
مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ
حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ
حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ
مثال اون لوگون کی کہ خرچ کرتی ہین مال اپنی سی بیچ راہ خدا کی ایسی ہی جیسی
مثال ایک دانہ کی کہ اگاوی سات بالین بیچ ہر بال کی سو دانی

پہر کرو ہی اوپر ہر پہاڑ کی اونمین سی ٹکڑا پہر بلا اون کو چلی آوین گی
تیری پاس دوڑتی اور جان یہ اللہ غالب ہے حکمت والا ف

واذ قال ابراھیم رب ارنی کیف تحیی الموتی کہتی ہین

زندہ کرتا ہی مردون کو اور مارتا ہی زندہ کو اوسی نمرود نی کہا تہا
کہ تمنی کبہی مردی کو زندہ ہوتی دیکہا ہی اونہون نی جماد کو زندہ ہوتی
دیکہا تہا جس طرح ماؤون کی پیٹ مین بچی لیکن مردی کو زندہ ہوتی
ندیکہا تہا عرض کیا جناب الہی مین کہ مجہی ایکبار مردی کو جلا کر دکہا دیجی
تو کہ مین شہادت دون اس کی اور اوسکی کیفیت دیکہو نہین میرا
تعجب ہے جاتا رہی جیسی چیز بقیل بڑی بہاری چیز کو اوپر چیز بادی
جب اوسکی کیفیت دیکہی تعجب جاتا رہا حق تعالی نی فرمایا کہ چار جانور
لو کبوتر مرغ مور کوا حکم ہوا کہ ان چارونکو ذبح کر کر سر اونکی اپنی
پاس رکہو اور اون کا گوشت اور ہڈیان کوٹ کر چار حصی کر و ایک
ایک حصی کو اپنی سامنی جدا جدا پہاڑ پر رکہدو اور اون کو حکم کرو
کہ ای اجسام مردہ بحکم الہی زندہ ہو کر میری پاس آؤ یہ دیکہتی تہی کہ
چارون اجزا جدا جدا ہو کر اپنی اپنی جسم سی مل کر چلی آئی اور
اپنی سرون سی ملکر زندہ ہو گئی جانا چاہئی کہ یقین اسی کہتی ہین
کہ اوسکی خلاف کو دل قبول نہ کری اسکی تین مرتبی ہین علم الیقین

انکار کیا کہ عزیر کہو لی گئی سو برس ہوئی اور تم ہو جوان آخر کو کوئی
بڑھیا تھی اونکی وقت کی اوسنی خال و خط سی اونکو پہچانا لیکن لوگون
کا تعجب نگیا اونہون نی کہا کہ نشان عزیر کا یہ ہی کہ اون کو
توریت حفظ تھی اور ہمارے پاس توریت نہین بہت ساری ضایع
ہو گئی ہی اگر عزیر ہو تو ہم کو پہر لکھوا دو حضرت عزیر نی علماؤن
اور خوشنویسون بنی اسرائیل کے کو جمع کیا اور اللہ تعالی نے
حروف توریت انکی دلپر نقش کر دی اور انہون نی حروف بحروف
لکھوا دیا لوگون نی کہا کہ حضرت موسی سی بڑا نبی تو ہوتا نہین ان کا
مرتبہ نبیون سی بڑا ہی یہ خدا کی بیٹی ہین یہ ایک اور باعث گمراہی کا ہوا

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَىٰ
قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِن قَالَ بَلَىٰ وَلَٰكِن لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي
قَالَ فَخُذْ أَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ط
ثُمَّ اجْعَلْ عَلَىٰ كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ
يَأْتِينَكَ سَعْيًا وَاعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝

اور جب کہا ابراہیم نے اے رب دکھا مجکو کہ کیونکر جلاتا ہی مردی کو کہا کیا تو
نہین ایمان لایا کہا بلکہ لایا ہون اور لیکن تو کہ آرام پکڑی دل میرا
پس لے چار جانورون سی پہچان رکھہ اون کی اپنی طرف لیکر

مرگیا اوسکا بیٹا بہمن اسفندیار کا بادشاہ ہوا اوسکو عداوت بنی
اسرائیل سی نہ تہی اوسنی اور صوبہ دار بہیجا اور کہا بخت نصر نی جنکو قید رکہا
تہا اونکو لیجاؤ اور اونکی شہر آباد کرو او سنی لاکر بیت المقدس
مین آباد کردیا آہستہ آہستہ بستی جمتی گی بتیس برس مین جیسا پہلی
شہر تہا اوسی بہتر آباد ہو گیا حضرت عزیر کی مکانکو حق تعالی نے
لوگون کی نظر سی مخفی رکہا بعد سو برس کے زندہ کردیا اور بدن اون کا
اوسطرح رہا اسواسطی کہ زمین پر حق تعالی نی بدن انبیا کی کہانی حرام
کی ہین گدہا بہی مرگیا اور خاک ہو گیا قدرت الہی سی وہ روٹی اور انگور نہ
سڑا اور نہ بگڑا جب حضرت عزیر نی اوٹہہ کر دیکہا کہ گدہا کہین نہین
وحی آئی کہ گدہا تمہارا اسی خاک مین ہی دیکہو کہ اوس مردے کو کیونکر زندہ
کرتا ہون آہستہ آہستہ مٹی سمٹ کر سفید اور سخت ہونی لگی اور رگین
اور نسین اور گوشت اور چمڑا اور بال سب درست ہو گئی قدرت الہی
سی اوسمین جان پڑ گئی اور بولنی لگا اونہون نی اقرار کیا کہ خداوند
تو سب چیز پر قادر ہی اور جب باہر نکلے شہر مین دیکہین تو شہر
آباد ہی اونہونے جہان جہان اپنی قرابتی اور بعضی اور اولاد تہی
بڑی تلاش سی پائی اسکی بیٹی اس سو برس مین بوڑہی ہو گئی تہی
اور یہ جب سوئی تو بتیس برس کی تہی اوسی عمر پر اوٹہی لوگون نی

۱۷۶

عفہ اور حسد ان کا بہت زیادہ کیا اوسنی آن کر بیت المقدس کو
تاراج کیا اور عمارت ڈہا دی اور ہزارہا آدمی قتل کئی اور لوٹ
لئی یعنی آور جو کچہہ اسباب بیت المقدس کا تہا او جو جواہر اسس پر چڑہی
تہی حضرت سلیمان نی وہ اوکہاڑ کر لی گیا اور بیت المقدس کو بے
چراغ کر دیا مکان وحوش اور سباع کا کر کر چہوڑ گیا آور ستر ہزار
آدمی بنی اسرائیل مین سی بندی کر کر اپنی شہر بابل مین لی گیا
اونہی حضرت دانیال پیغمبر تہے لیکن وہ جانب مصر کی تہی ملک بنی
اسرائیل مین سی اوسکی ہاتہہ سی بچ رہی ہتی وہ کئی برس پیچہی مشتاق
زیارت کی ہو کر آئی دیکہا بیت المقدس مین کہین آدمی کا نام ونشان
نہین اور سارا شہر ویران محض پڑا ہی مسجد اقصی کی زیارت کر کر
ایک مکان خالی مین گئی اور وہان سواری کا گدہا تہا اوسکو باندہ دیا
اور بیٹہ کر روٹی کہائی اور شربت انگور جو لی آئی تہی پیا اور تعجب
کر کر کہا کہ الہی یہ شہر مردہ پہر بہی زندہ ہو گا یعنی یہ ویرانہ پہر بہی
آباد ہو گا حق سبحانہ تعالی نی اون کو وہان سولا دیا اور سوتی مین
جان قبض کر لی بخت نصر بنی اسرائیل کو ستر برس قید رکہہ کر
بری حال سی مر گیا اوسکی پیچہی اسکا بیٹا صوبہ دار ہوا اوسنی بہی
برس دو برس قید رکہا اسمین وہ بہی بری حال سی اسمین گناہ سے

وَانظُر اِلَی العِظَامِ کَیفَ نُنشِزُهَا ثُمَّ نَکسُوهَا لَحمًا ۚ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهُ قَالَ اَعلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ ۝

کہا بلکہ رہا تو سو برس پس دیکہہ طرف کہانی اپنی کی اور پینی اپنی کی نہین سڑا اور دیکہہ طرف گدہی اپنی کی اور تاکہ کرین تجہکو نشانی واسطی لوگون کی اور دیکہہ طرف ہڈیون کی کیونکر جوڑتی ہین ہم اونکو پہناتی ہین ہم اون کو گوشت پس جب ظاہر ہوا واسطی اوسکی کہا جانتا ہون مین تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کی قادر ہی ف قولہ تعالی وکالذی مر علی قریة وهی خاویة یعنی کہا دیکہا تو نی مانند اس شخص کی اور کاف معنے اس مقام مین ہر لولی مین زیادہ ہوا کرتا ہی اور تعجب سو واسطی بیان کیا کہ کافر نی حیات حقیقی نہ سمجہہ کر اپنی واسطی حیات اور موت مجازی کا دعوا کیا وہ جہالت کفر مین گر پڑا اور انہون نی حیات اور موت مجازی مین تعجب کیا اللہ نی اون کو حیات اور موت حقیقے دیکہلا لی ہدایت روایت مین ہی کہ جب بنی اسرائیل بگڑی اور دینو نکو برا نام رکہا اور عمل چہوڑا اور حضرت ارمیا پیغمبر سی بی ادبی کی بعضے شہید کر ڈالا حق تعالی نی بخت نصر کو کہ صوبہ دار تہا ملک شام کا بادشاہ اور امراؤن کیطرف سی انپر مسلط کیا اور اوسکی دامن

پانو سین سر مین اپنی ہلکی ہلکی نہ لگواتا تہا پہر باپ حضرت ابراہیم
کا ان سی بہت بدخوی کرنی لگا اور کہا کہ تم میری پاس سی ہو +
حضرت ابراہیم کو حکم ہوا کہ تم اون لوگون کو چہوڑ دو یہ وہان سی
نکل کر اپنی چچون پاس حران مین چلی گئی وہان ان کی شادی ہوئی
حضرت سارہ سی کہ ان کی چچا کی بیٹی تہین اور وہین حضرت لوط انکے
بہای کی بیٹی مشرف اسلام ہوی جب انہی چچون کو بہی انہونی کفر
پر دیکہا وہان سی خانہ بکوچ مصر کی طرف گئی جب بادشاہ مصر
کو بہت ظالم دیکہا وہان سی اٹہہ کر شام مین جا رہی واللہ اعلم بالصواب
او كَالَّذِي مَرَّ عَلَىٰ قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا قَالَ
أَنَّىٰ يُحْيِي هَٰذِهِ اللَّهُ بَعْدَ مَوْتِهَا فَأَمَاتَهُ اللَّهُ مِائَةَ عَامٍ
ثُمَّ بَعَثَهُ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْ بَعْضَ
يَوْمٍ یا مانند اوس شخص کی کہ گذرا اوپر گانو کی اور وہ گرا ہوا تہا
اوپر بیٹ اپنی کی کہا کیونکر زندہ کریگا اسکو اللہ پیچہی موت
اوسکی کی پس مار ڈالا اوسکو اللہ نی سو برس پہر جلایا اوسکو
کہا کہ کتنی دیر رہا تو کہا رہا مین ایکدن یا تہوڑا دن سی قَالَ بَل
لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانظُرْ إِلَىٰ طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ
يَتَسَنَّهْ وَانظُرْ إِلَىٰ حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً لِّلنَّاسِ

شان اسکی بڑی ہی کہ تیرے سامنی ہو آسمان اور زمین کوئی چیز
اوسکی سامنی اسطرح سی نہین آتی نمرود نی بگمان اسکی کہ یہ لڑائے
قبول نہین کرتی دب گئی ہین ایک دن ساری فوج اور لشکر جمع کرکر میدان مین
نکلا اور حضرت ابراہیم کو کہا کہ تم بہی ہماری سامنی نکلو حضرت ابراہیم
علیہ السلام تنہا جاکر کہڑی ہوئی کہا کہ ہم جلا کرتی ہین تم خدا تعالی سی کہو کہ
مدد بہیجی تمہاری واسطی حضرت ابراہیم نی جناب الہی مین عرض کیا کہ یہ جاہل تمہاری
حکمت مین یہ کہتا ہی مجکو کیا حکم ہی وحی آئی کہ ہم اسکو اپنی ضعیف مخلوقات سی
ہلاک کرین گی منتظر رہو تہوڑیسی دیر مین حضرت ابراہیم کی پشت کی طرف سی ایک
باؤ اوٹہی کہ اوسمین کروڑہا مچہر اور ڈانس چلی آئی اور نمرود کی لشکر مین جاکر ہر
آدمی کہ اور ہر جانور کو سیکڑون لپٹ گئی سب لوگ بیحواس ہوئی کہ ہاتہ نہین
ٹہرتی کہجانی سی اور مچہر اوڑاتی سی اور جانور دونو طرف سی کاٹ کاٹ کہاتی
ہین اور پشگین مارتی ہین نہ کسیکو ہتیار پکڑنی کی حواس ہین اور نہ کہڑی
ہوسکا جبن تمام لشکر گہرون کی طرف بہاگا اور ایک مچہر بہت بڑا دم
کے ساتہہ نمرود کی لاگا اور ناک مین گہسگیا اور دماغ مین جاکر
کانٹی لگا اور تمام لشکر کی لوگ کوٹہریون مین جاکر کواڑ بند کرنی
لگی مچہر بہی گہس گئی آخر کو دیر بعد شہر سی نکل کر غایب ہوگئے
مگر وہ جو ناک مین نمرود کی تہا کہتی ہین کہ اوسکو چین نہوتا تہا جب تک

سا نظر آتا ہی وزیر کو دہشت آئی آدر گر پڑا یہ ایک دن اور اوپر
گیا ہر روز زیادہ بلند اور وسیع نظر آتا تہا جو ہی تھوا بہت گرم آنی لگی
اور ایک فرشتی نی آواز کی کہ ای ملعون کہاں جاتا ہی اوس آوازکی
طرف اوسنی تیر پہینکا قدرت الہی سی پیکان اوس تیرکی سرخ ہوکر
اوسکی پاس آن پڑا اوسنی تیر کو دیکہکر کہا کہ مینی آسمان والی کو
مارا اور اون بانسون کو نیچی جہکایا اوترنی لگی آتی آتی کسی جنگل مین جا
پڑی وہان سی نکل کر کسی شہر مین آیا اور ماندگی رفع کر کر دربار کیا اور
حضرت ابراہیم کو بلایا حضرت ابراہیم کو حق تعالی نی ساتہ وحی کے
حقیقت معلوم کردی ہتی اور کہا کہ ہم آسمان والی کو مار آئی یہ دیکہو
میری تیر پر لہو ہی حضرت ابراہیم نی ساری حقیقت بیان کے
کہ آسمان تجہسی بہت دور تہا ایک فرشتے نی تجکو ڈرتا اور اوس
تیر پر لہو نہین کسی نے قدرت الہی سی اسیر سرخی لگادی یہ دیکہ
لی کہ آسمان اور زمین اور چاند اور تاری سورج اور پہاڑ اور دریا اور جنگل
اور شہر اور جانور اور درخت سب اوسیطرح برقائم اور برقرار ہین
اسنا مین بہی الزام کہایا اور جہوٹا ہوا کہتی ہین کہ بعد اسکی کتنی
مدت پیچہی نمرود نی پیغام دیا حضرت ابراہیم کو کہ اپنی خدا کو
کہو کہ ہمسی میدان مین لڑی حضرت ابراہیم نی کہا کہ حق تعالی کی

لوگون پرہی اور کارخانی آسمان کی اور زمین کی اور کسی کی ہاتھہ مین
ہین خدائی اوسکو سزاوار ہی لیکن اپنی سخن پروری سی ان کی
متابعت نہ کی اور قایل نہ ہوا کہا کہ وہ جو آسمان مین سورج کو
چلاتا ہی مین جا کر اوس سی مقابلہ کرون کا اوسنی چار کرگس نوجوان
لئی اور چند روز اون کو پرورش کیا بعد اسکی ایک صندوق بنایا
تین طبقی کا ہلکا اور اوپر اور نیچی کواڑ لگائی اور اوپر کی طبقی مین
آپ بیٹھی اسباب کہانی اور پینی کا رکھا اور نیچی کی طبقی مین
ایک وزیر کو بٹھایا اور چارون پائی اوسکی چارون کرگسون پر
رکھکر باندہ دیہی اور چارون کونون پر بانس کہڑی کرکر گوشت
لٹکا دیا وہ جانور بہوکی تہی اوس گوشت کی لینی کو اوپر کو اوڑی
جب ایک رات ہوکر پہر آفتاب نکلا وزیر کو کہا دیکھہ کہ زمین کیسی نظر
آتی ہی کہا پہاڑ مانند دیوارون کی نظر آتی ہین اور آوار کچہہ نہین
معلوم ہوتی اور دریا چمکتی ہین جنگل پایا ایکدن رات اور
اوپر چڑہا پہر وزیر کو اب دیکہہ اوسنی کہا کہ پہاڑ مانند
خط کی نظر آتی ہین اور دریا کی سفیدی نظر آتی ہی اور کچہہ نہین
نظر آتا پہر کچہہ کہا بیگر کواڑ بند کرلی تیسری دن پہر وزیر کو کہا
کہ اب دیکہہ زمین کیسی نظر آتی ہی اوسنی کہا کہ اندہیرا ہی اور دہوان

خدمت اوسکو تھی بت بنانے اور زیور پہنانے کو بہت نی اور اون کی نیازین چڑہانا اور جوگکھین کی نیازین آتین اپنی قبضی مین رکھنا اور پوجا کروانی اور اونکی کنجیان رکھنی سب اوس کا ذمہ تہا حق تعالی نی حضرت ابراہیم کو اوسکی گھر مین پیدا کیا جب حضرت ابراہیم جوان ہوئی اور ان کی توحید کرنی کا چرچا ہوا اور رد کرنا ان کا نمرود مردود پر دعوای خدائی کو مشہور ہوا اور ان کی باپ نے اوسی نالش کی اوسنی ان کو روبرو بولایا اور یہ کہا کہ پروردگار تیرا کون ہی اونہون نی کہا کہ پروردگار میرا وہ ہے جو مارتا ہی اور جلاتا ہی اور مراد اون کی یہ تہی کہ ماؤن کی پیٹ مین جان ڈالتا ہی زندہ ہو کر نکلتی ہین اور مرتی وقت ارواح سب کے کو قبض کرتا ہی اوسنی یہ سمجھا اور کہا کہ مین ہی مارتا ہون اور جلاتا ہون دو آدمی بولائی قیدخانی سی ایک واجب القتل کو چہوڑ دیا اور کہا کہ مینی اس کو زندہ کیا اور بی گناہ کو مار ڈالا اور کہا مینی اسکو مار ڈالا کہتی ہین حضرت نی یہ بھی کہا کہ وہ اس پر بہی قادر ہی کہ مردہ کو زندہ کری اوسنی کہا کہ تمنی کبھی دیکھا ہی حضرت ابراہیم نی اس بات کو چہوڑ کر کہا کہ پروردگار میرا وہ شخص ہے کہ تجھسی اور تیری باپ دادا سی پہلی سی آفتاب کو مشرق سی نکالتا ہی اگر تو خدائی کا دعوا کرتا ہی تو برخلاف اوسکی عادت کی مغرب سی نکال اس پر وہ لاجواب ہوا اور اوسنی جانا کہ تصرف میرا کتنی

دوزخ بہرا جاوی گا بہان یو جہتی ہین کہ نور سی نکال کر ظلمت مین ڈالنا

مرتد مین ہوتا ہی اور جو اصل ہی کافر ہین اور بہت وہی ہین اون کو

کس نور سی نکالا جواب نور فطرت سی اور عقل سلیم سی نکالا وہ جو روز

الست کی دی تہی اور اس جہان مین چلی آئی تہی اولٹی سمجہہ سمجہا کر

اوس نور سی نکال لیا اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِي حَاۤجَّ اِبْرٰهِيْمَ فِيْ رَبِّهٖ

اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّيَ الَّذِيْ

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ

فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ

الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ کیا نہ دیکہا تو نی طرف اوس شخص کی کہ جہگڑا ابراہیم سے

بیچ رب اوسکی کی اسو اسطی کہ دی اوسکو اللہ نی بادشاہی جب کہا ابراہیم نے پروردگار

میرا وہ ہے جو جلاتا ہی اور مارتا، کہا مین ہے جلاتا ہون اور مارتا ہون کہا ابراہیم نے

پس تحقیق اللہ لاتا ہی سورج کو مشرق سی پس تو لی آ اوسکو مغرب سی پس ہوچکا ہوا وہ

جو کافر تہا اور اللہ نہین راہ دکہاتا قوم ظالمون کو ف الم تر الی الذی

حاج ابراھیم حق تعالی نی جب صفت بیان کی اپنی حی قیوم تین قصی بیان کیی

حیات بخشنی کی روایت کی ہی اور نمرود بادشاہ تہا بابل کا اور کو ہسار کا

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا باپ اوس کا نوکر تہا اور بت خانون کی

١٧١

کو کہ جبر ہی انگلا لفظ قد تبین الرشد من الغی مناسب ہی سری معنون کی ہی

اللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِینَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

اللہ دوستدار ہی اون لوگون کا کہ ایمان لائی نکالتا ہی اون کو اندہیرون سے طرف روشنی کی اور جو لوگ کہ کافر ہوئی دوست اون کی شیطان ہین نکالتی ہین اون کو روشنی سی طرف اندہیرون کے یہ لوگ رہنی والی آگ کی ہین وہ بیچ اوسکی ہمیشہ رہنی والی ہین ف

اللہ ولی الذین امنوا یخرجہم ہر ایک آدمی ابتداء عمر مین ساتہ ظلمت جہالت کے اور ظلمت نفس امارہ کی اور ظلمات آلات کے بیچ ظلمات کے اور ظلمت حرص اور شہوت کے بیچ لذات کے اور ظلمت کبر اور غضب کے اور بر مخالفت اپنے خواہش کے گرفتار ہوتا ہی مگر خال خال کوئی نفس مقدس کہ حق تعالی نی اون کو ساتہ تعلیم اور تربیت اور مجاہدے کے ان ظلمتون سی پاک کرتا ہی اور دلون کو روشن کر دیتا ہے اور شیاطین اور سرکش کفار کی اور مجادلہ کرنیوالی ساتہ جہل مرکب کے اور مکار ساتہ کرشمہ دکھلانی کی ظلمت مین ڈال دیتی ہین لیکن نہین ڈال سکتی مگر اوس کو کہ اوپر قلم چل گیا ہی گمراہی کا اون سی

نموداری اور سب براوہی ہی لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ
الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ
اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ

نہین زبردستی بیچ دین کی تحقیق ظاہر ہو گئی راہ پانی گمراہی سی پس جو
کفر کری ساتھہ شیطانون کی اور ایمان لاوی ساتھہ اللہ کی پس تحقیق
پکڑا اوسنی قلابہ مضبوط کہ نہین ٹوٹنا واسطی اوسکی اور اللہ سننی والا
جاننی والا ہی **ف** لا اکراہ فی الدین قد پوچھتی ہین کہ جب
جہاد واجب ہوا اکراہ لازم ہوا اسپر کہا کہ اکراہ نہین بیچ دین کی جواب
دیتی ہین کہ اکراہ واسطی زیر کرنی کافرون کی ہی کہ اور مسلمانون کو منع
نکر سکین اور منع کرنی مقدور نہ پاوین بیچ دین کی ہی اور اسواسطی جزیہ
جائز ہی اور جواب دیتی ہین کہ دین قابل اکراہ کی نہین کہ دل کی بات ہی
اور دل پر کسی کا بس نہین چلتا بس جہاد واسطی ظاہر کرنی حق کی اور مغلوب کرنی
کافرون کی ہی کہ بسبب تعصب کی بات حق کی نہین سنتی اور اپنی سرکشی مین
جانکو بھی قبول نہین کرتی اور پیروی رسم کی واسطی حق دین سی علیحدہ رہتی
ہین اور جہاد سی آیا تین جانی رہتی ہین اور جواب دیا ہی کہ اکراہ کی معنی زور
سی کروانا ہی مکروہ چیز کو جب ایمان کی خوبی اور کفر کی برائی ظاہر ہوئی
زور کرنا ایمان پر اکراہ نہی نرہا جیسی تربیت لڑکون کو شوخی سی اکراہ نہین

کہین ہی ہو کر کہان کہان جا ملین گے اسیطرح ہر چیز مین غور کیجے کہ علم الہی مین سی ایک قطرہ اور ایک ذرہ نہین بشر کی احاطہ آنا وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُودُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ سما لیا ہی کرسی اوسکی نی آسمانون کو اور زمین کو اور نہین تہکانی اوسکو تہامنی اون دونون کی اور وہ بلند قدر ہی بڑا مرتبہ والا **ف** وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ جسطرح بادشاہ ہونگی اگلی بلند تخت پر کرسی رکہی جاتی ہی زینہ دار اسی طرح حق تعالی کی عرش عظیم کی نیچی ایک جسم ہے کہ آسمان اور زمین پر محیط ہی اوس مین خزائن الہی معمور ہین اور لوح و قلم اوس پر دہری ہی اوس کا نام کرسی ہی اور جو فیض نازل ہوتی ہین ظاہر اور باطن کی بیچ جہان کی اوسکی جڑ اور کہان وہ ہی ایک قوت غیب کے وہین سی اوترتی ہی اور بیچ جہان کی صورت پکڑ جاتی ہی اور عرش اوس سی بلند ہی اور بڑا ہی فرمایا کہ جسکی کرسی اتنی بڑی ہی اوس کا عرش دیکہو کتنا بڑا ہوگا **ف** قوله تعالی وَلَا يَئُودُهٗ حِفْظُهُمَا فرمایا کہ یہ آسمان اور زمین ساتہہ اس وسعت کے محض حفظ الہی سی برپا ہین اگر ایک لحظہ تصرف قدرت الہی کا نہو تا یا سستی یا غفلت آجاوی آسمان اور زمین سب بہسم ہو جاوین **ف** وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ جو مقام اوسکی ذات کا ہی کسی کو وہان گنجائش نہین اور اوس کا فیض سب مین

الّا بما شاءَ نہین گہیر سکتی اوسکو اونگہہ اور نہ نیند واسطی اوسکی ہی جو
ہیچ آسمانون اور ہیچ زمین کی ہی کون ہی کہ سفارش کری تیک
اوسکی مگر ساتہہ حکم اوسکی کی جانتا ہی جو آگی اون کی ہی اور
پیچہی اون کی ہی اور نہین گہیرتی ساتہہ کسی چیز کی علم اوسکی سی
مگر جو چاہی ف قولہ تعالی لا تاخذہ سنۃ اونگہہ اور نوم نیند
جب نیند سی پہلی اونگہہ آتی ہی پہلی نام اونگہہ کا لیا مراد یہ ہی کہ ذرہ ذرہ احوال
خلق کا ایکدم اوسی چہپا نہین اور وہ غافل ہوتا نہین بغیر حکم اوسکی
کوئی شخص سفارش اوسکی آگی نہین کر سکتا جتنی چیزین گذری ہین
اور جتنی آنی والی ہین سب اوسکی آگی حاضر ہین کوئی اوسکی علم سی
چہپی نہین اور ہرچند بندون کو علم بہت دیا ہی لیکن تفصیل احوال کسی
چیز کے نہین جان سکتی اسی واسطی کہ فرمایا ولا یحیطون بشیء من علمہ
الا بما شاء اور یہ نہین فرمایا ولا یحیطون بعلمہ مثلاً ایک
قلم ہی اوس کا احوال کہ کہانسی پیدا ہوا ہی اور کتنی مدت رہی گا اور کس کے
ہاتہہ سی لگی گا اور کتنی بار ئیون سیاہی مین ڈوبی گا اور کس کس کاغذ پر
کیا کیا حرف نکالی گا اور کتنی بار تراشی گا اور کس کس شہر اور کس
کس گہر جاوی گا اور آخر کو اسکی اجزا کہان کہان متفرق
ہون کی اور کیا کیا صورتین بدلین کی کسین جو راکہین راکہ

١٦٧

شفاعت مین شیٔ کنَل اور نہ نذرانہ قبول ہووی اور یہ شدت کافرون ہی
پر ہی کہ تلف کرڈالتی ہین حق خالق کا اور خلق کا اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہ اللہ نہین کوئی معبود مگر وہ زندہ ہی قائم رہنی والا ف
اللہ لا الہ اس آیت کا نام آیۃ الکرسی ہی مرتبی مین سب بات قرآن کی
مین بالا و بیچ اور ثواب اسکا اور فائدی اسکی بسبب محافظت کی اور حل
مشکلات کے اور دفع اعدا کی اور کشود باطن کی کئی ہی ملتی ہین اور
روایت مین ہی کہ اسم اعظم تین سورتون مین ہی ایک سورہ بقر مین بیچ
آیت الکرسی کی اور دوسری سورہ آل عمران کی الم اللہ لا الہ الا
ھو الحی القیوم ط کی لفظون مین اور تیسری طہ مین متفرق اللہ
لا الہ الا ھو لہ الاسماء الحسنی وعنت الوجوہ للحی القیوم
بعضی عالمون نی جنکی تسلی اعتقادی ذات الہی کی ہین لفظ اس آیت
سی نکالی ہین آیت الکرسی سی اور زندہ باکمال وہ شخص ہی کہ کبھی وسکو
موت نہین اور نہ ہو گی اور قائم وہ شخص کہ آپ کسی کا محتاج نہووی
اپنی بقا مین اور سبکا قائم رکھنی والا ہووی یہی صفت اللہ کی لا
تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ
مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ
اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ

١٦٥

نہ لڑتی وہ اور لیکن اللہ کرتا ہی جو چاہی ف ولو شاء اللہ فرمایا کہ یہ کار
خانہ اختلاف ادیان مذاہب کا اور جنگ جدال کا رکہا ہی اپنی قصد اور حکمت
کر رکہا ہی اوسکی مشیب ہی تہی اور جو چاہتا نہ اختلاف ہوتا اور جو ہوتا تو
لڑائی کی حد کو نہ پہنچتی واللہ اعلم یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا
رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْهِ وَلَا خُلَّةٌ
وَّلَا شَفَاعَةٌ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ اے لوگو جو ایمان لائے
ہو خرچ کرو اوس چیز سے کہ دیا ہمنی تمکو پہلی اسی کہ آوی وہ دن کہ نہین بیچنا
بیچنا اوسکی اور نہ دوستی اور نہ سفارش اور کافر وہی ہین ظالم ف
یا ایہا الذین امنوا یہان سی حکم خرچ کرنی کا بیچ راہ خدا کی شروع
ہوا ہی اور اسکا وہی تہا من ذالذی یقرض اللہ قرضاً حسناً
لیکن جب اسمین بیان ہوا ولا خلۃ ولا شفاعۃ آیۃ الکرسی کو کہ اوسمین
بیان ہی من ذالذی یشفع عندہ الا باذنہ اور آیۃ الکرسی مین ہی
الحی القیوم تو حیات بخشنی کی کیفیت تین قصون مین بیان کی ہی پہر شروع
کیے احکام خرچ کرنی کا مثل الذین ینفقون اموالہم سی تا بہ
الذین یاکلون الربوا تک بیان فرمایا کہ خرچ کرو کچہہ اوسمین سی جو
دیا ہمنی تمکو پہلی اسی کہ قیامت کے دن مال کام نہ آدی کا نہ معاوضہ ہوگا اور
نہ دوستی ہوگی کہ بی عوض کسی کے طرف سی دی ڈالے اور نہ

آور مقام وسیلہ دیا وسیلہ ایک درجہ ہی بہشت مین کہ اوسہی بلند کوئی درجہ
نہین وہ ایک ہی شخص کی واسطی ہی اور خاصیت اوسکی یہ ہی کہ وہ شخص
بجای وزیر کی ہووی یا بادشاہ سی کسی شخص کو اہل جنت مین سی
کوئی نعمت اور مرتبہ نہ ملی مگر اوسکی ہاتہہ سی اور مقام محمود ایک مقام ہی
محشر مین اوپر آسمانون کی کہ اوس جگہہ جاکر شفاعت خلق کی کرینگی
اور بزرگیان دین کہ کسی کو نہ دین تہین آور حضرت عیسیٰ ع کو معجزات بینات
دی تصال حضرت جبرئیل کا کہ ایک دم فیض اون کا حضرت عیسیٰ سی ہو نہ
ہوتا تہا اور معنی معجزات بینات کے یہ ہین کہ اَور نبیون کی معجزی طالبونکی بدن سی
باہر ہوتی تہی گمان سحر کا لاتی اور نظر بندی سمجہتی تہے اور حضرت
عیسیٰ کی معجزی طالبونکی ذات مین ہوتی تہی جیسی بیماریون کا جاتا
رہنا اندہون کا دیکہنی لگنا اور مردو کا جی اوٹہنا اسمین کسی کو
گمان باطل نہین ہوسکتا وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِينَ مِنْ بَعْدِ
هِمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَٰتُ وَلَٰكِنِ اخْتَلَفُوا فَمِنْهُمْ
مَنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَنْ كَفَرَ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوا
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيدُ ۚ اور اگر چاہتا اللہ نہ لڑتی وہ لوگ ع ۵ ۳۳
کہ پیچہی انسی ہوی انکی کہ آئین انکی پاس دلیلین اور اختلاف کیا اونہون نی پس کوئی
اون مین سی ایمان لایا اور کوئی اون مین سی کافر ہوا اور اگر چاہتا اللہ نہ لڑتی

عِیسَی ابْنَ مَرْیَمَ الْبَیِّنٰتِ وَاَیَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ط یہ پیغمبر ازرکے وہی ہمنی بعضی کو اوپر بعض کی ان مین سی وہ ہی کہ باتین کین اللہ نی اور بلند کیا بعضون اونکی کو درجون مین اور دیئے ہمنی عیسی بیٹی مریم کی کو معجزے اور قوت دی اوسکو ساتھہ جان پاک کے ف تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ فرمایا کہ حق تبارک و تعالی نی بزرگیان اپنی مقرب پیغمبرون مین بانٹ دی ہین جیساکہ حضرت داود کو علم اور ہنر دی تہی حضرت موسی علیہ السلام کو یہ خاص صفت دی کہ بیواسطہ کلام فرمایا اور جنابت نبوت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر بات مین زیادتی دی ہمت کامل اور بہت تر ان سب سے زیادہ فصیح اور بڑا شریعت سب سے زیادہ مفصل اور غیر منسوخ جس طرح حضرت ابراہیم کا دین اون کی اولاد مین رہا ایک کمال پیغمبر خدا کا اون کی اولاد مین جس طرح کا دین حضرت موسے کا اون کی قبیلے مین ایک کمال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اون کی قبیلی مین قریش مین رہا اور جس طرح دین حضرت عیسے کا اجنبی تمین رہا ایک کمال آنحضرت صلعم کا عجمیون مین رہا اور جس طرح حضرت داود کو سلطنت دی ایک ملک شام اسی طرح آنحضرت صلعم کو سلطنت دی مشرق اور مغرب مین جس طرح کسی انبیاء کو تصرف دیا آگ اور پانی پر یا ہوا پر ان کو تصرف دیا آسمانون مین کہ شق قمر کیا اور رد شمس ہوا اور دنیا مین معراج پر بلند کی اور آخرت مین حوض کوثر اور مقام محمود

طالوت ہراس کہاگیا اور انکی اگی منت کرنی لگا کہ مجھسی خطا ہوئی مجکو
معاف کرو حضرت داودنی اوسوقت چھوڑ دیا صبح کو سرداروںکو جمع کیا
اور حقیقت بات کی بیان کی اور کہا کہ اب مجکو اسکی پاس رہنی کا اعتماد
نہین تم مجکو بالفعل ایک صوبہ جدا کر دو وہ جبھی کرین اپنا اوپا ملک لے
لون کا سرداروںنی ایک صوبہ جدا کر دیا اور یہ اپنی صوبی مین جا رہی
پھر طالوت نے بعد استحکام ملک کے اپنی فوج بھیجی حضرت داودکی شکست دینے
لوگ طالوت سے بیدل ہوگئی لیکن طالوت نے اس پر چڑہ آنا مناسب نجانا
چند روز صبر کیا کہ طالوت مرگیا سلطنت اپنی بیٹی کو دی گیا اوسی کام
نہوسکا ملک مین بدعملی ہوئی اور غنیموں نی سر اوٹھایا سب امرا نی
بہزار منت حضرت داؤدکی سلطنت قبول کی اوران کی تابع ہوئی
اوران کی ہاتہہ بہت فتوح اور بندوبست ملک کا اوربرکت ہوئی حق تعالی
نی اون کو بہت علم اور بہت صنعتین سکہلائین اور پہاڑ اور لوہا اور جانور
اونکی مسخر کئی اور جانوروںکی بولیان سکہائین اور زبور عنایت کی
تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ
یہ ہین نشانیان اللہ کی پڑہتی ہین ہم اونکو او پر تیری ساتھہ حق کی اور تحقیق
تو البتہ پیغمبرون میں ہی تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ
عَلٰى بَعْضٍ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ۚ وَاٰتَيْنَا

قوم کافرون کی پھر ہزموہم باذن اللہ وقتل داود جالوت واتٰہ
الملک والحکمۃ وعلمہ مما یشاء ولولا دفع اللہ الناس
بعضہم ببعض لفسدت الارض ولٰکن اللہ ذو
فضل علی العٰلمین ہ پس شکست دی اون کو ساتہہ حکم اللہ کی
اور مارا داود نی جالوت کو اور دی اوسکو اللہ نی بادشاہی اور حکمت
اور سکھایا اوسکو جو کچھہ چاہا اور اگر نہو تا دفع کرنا اللہ کا بعضون کو بعضون سی
البتہ بگڑ جاتی زمین اور لیکن اللہ صاحب فضل کا ہی اوپر عالمونکی ف
واتٰہ اللہ الملک روایت مین ہی کہ جب پھر کر آئی حضرت داود نی
اپنی شرط طلب کی طالوت نی اپنی بیٹی نکاح کردی لیکن ملک وینی مین
تامل کیا اور کہا کہ ابہی احوال ملک کا معلوم نہین اور ایک دو برس تحصیل اور
بند وبست کرلین اور خفیہ چاہا کہ ان کو مار ڈالین اپنی بیٹی کو کہلا بہیجا
کہ آج تو داود کی پاس مت سو بیٹی نی اوسکی حضرت داود کو جتا دیا اور آپ
جدا پلنگ پر سوئی حضرت داود نی ایک مشک شہد کی بہر کر اپنی پلنگ پر رکہدی
اور اوسپر سی چدر ڈالدی اور آپ شمشیر لیکر ایک کونی اندہیری مین کہڑی
رہی طالوت بڑی رات گئی آیا اور بیٹی کو جدا دیکہہ لیا اور اونکی پلنگ پر
شہد مین ایک تلوار ماری مشک مین سی خون سا بہگیا حضرت داود نی للکار
تو اپنی نزدیک مجہکو مار چکا ہی اب مین تجکو مارتا ہون اور شمشیر لیکر دوڑی

ہتہی مین لگا اور مر گیا اور وہ گہوڑی پر سی گرا لشکر مین اوسکے ہلکہ پڑا کہ
لڑائی مقابل ہی اور سردار مارا گیا اوسکی بیٹی کو جلد بادشاہ کر کر اوسکی
جگہہ کہڑا کیا طالوت نے کہا حضرت داؤد کو کہ اب اسکو بہی مارو حضرت داؤد نے
کہا کہ میری شرط مین داخل نہین طالوت نے منت کی بہت پہر حضرت
داؤد نی جالوت کی بیٹی کی نام کا پتہر مارا اور وہ بہی مر گیا اور گرا اور زیادہ
اضطراب ہوا لشکر مین اور انہون نی اوسکی وزیر کو بادشاہ کر کر اوسکی جگہہ کیا
کہ سب کا مدار اوسی پر اور خزانہ اوسی کی واقف تہا طالوت نی کہا کہ اسکو بہی
مارو اونہون نی کہا کہ میری شرط مین داخل نہین ہی اوسنی منت بہت کی
حضرت داؤد نی وزیر کی نام کا پتہر کوپن مین رکہہ کر مارا وزیر بہی مرا
اور گرا اور لشکر مین اضطراب بہت بڑا طالوت نے حملا کیا اور اون کو
بہاگنا سوجہا اونہون کی تعاقب مین سیکڑون سوار مارے گئے جس کسیکو
جو آس آنی لگی تہی بڑی لشکر سی آتی گئی اور اسباب لوٹنی لگی اور طالوت کو
فتح نمایان ہوئی وَلَمَّا بَرَزُوا لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالُوا رَبَّنَا
أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى
الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝ اور جب ظاہر ہوئی واسطی جالوت کے
اور لشکر اوسکی کی کہا اونہون نی ای رب ہمارے ڈال اوپر
ہماری صبر اور ثابت رکہہ قدم ہماری اور مدد دی ہمکو اوپر

اون سی ایک پتھر نی کہا السلام علیکم یا داؤد مجکو اوٹہا لو کہ موت
جالوت کی مجھ پر مقرر ہے کتنی دیر پیچھی دوسرا پتھر ملا اوسنی بہی سلام
بہیج کر کہا کہ یا داؤد مجکو بہی اوٹہا لو کہ جالوت کی بیٹی کی موت مجھ پر
مقرر ہے کتنی دیر پیچھی تیسری پتھر نی اوسی طرح کہا کہ جالوت کے وزیر
کی موت مجھ پر مقرر ہی حضرت داؤد نی تینون کو اپنی جھولی مین رکھ لیا
اونکو اپنی باپ اور بہائیون کی رہی صبح کو ہزارون آدمی اور سوار لیکر
جالوت پر چڑہا اور طالوت فوج بہت دیکہہ کر گہبرایا خیمہ بخیمہ پہرنی لگا کہ کوئی
ذمہ لیوی کہ اس جالوت کو ماری اوس کو اپنی بیٹی نکاح مین دونکا اور آدہا
ملک اوسکو دون سب نے جواب دیا کہ ہمارا مقدور نہین جب حضرت داؤد
کی خیمہ سی چلا اونہون نے اپنی باپ سے کہا کہ مین مارونگا جو یہ اپنی عہد پر
قائم رہی اشنی نی جاکر طالوت سے کہا کہ میرا بیٹا چہوٹا ذمہ کرتا ہی
بشرطیکہ تم عہد محکم کرو اور پورا کرو طالوت نے کہا کہ یہ لڑکا ہی اسکی
شجاعت اور قوت تمکو معلوم ہی الیشا نی کہا کہ جو بھیڑیا بکریون پر آتا ہی
یہ اوسکی دونو پانو پکڑ کر چیر ڈالتا ہی طالوت آن کر بیٹہا اور سب داؤد کو
بلایا اور کہا کہ جو داؤد جالوت کو ماری تو اپنی بیٹی اوسکو اور آدہا ملک دونگا
سب نے مہر شہادت کے کردی اور لڑائی پر سوار ہوا اور صف باندہی حضرت
داؤد آگی بڑہی اور جالوت کے نام کا پتھر کوپین مین رکہکر پہیرا کر مارا اوسکی

اوسکی کہان اون لوگون نی کہ جانتی تہی یہ کہ وہ ملنی والی ہین اللہ سی بہت
ہوا ہی کہ جماعت تہوڑی غالب آگیی ہے جماعت بہت پر ساتہہ حکم اللہ
کی اور اللہ ساتہہ صبر کرنیوالون کی ہی ف فلما فصل طالوت
بالجنود قال جس وقت لوگون نی متابعت کی طالوت کی اور طالوت نی
لوگون کی تنخواہ اور مساعدے دئی بہت لوگ اکہٹی ہوئی سبکو لیکر
چلا واسطی لڑائی جالوت کی ظاہر یہ ہی کہ حضرت شمویل نی خبر دی
تب اوسنی لوگون سی کہا کہ موسم گرمی کا ہی اور آگی ہی ندی جب
تم پانی پر پہنچو گی پیاسی ہو گی جو کوئی پانی پیوی کا تو لشکر نہ جاوی کا
اور میری ساتہہ نہ چل سکی کا اور جو کوئی نہ پیئی گا ایک چلو پر قناعت کریکا
اوسکی پیاس بجہ جاوی گی اور لڑائین ساتہہ بہیجگا اور لڑائی کی قوت
پاوی گا اسی طرح ہوا اور لوگون سی صبر نہو سکا پانی پیکر تو لشکر گئی
اور تہک کر رہ گیی ساتہہ نہ ہجی اوس دن طالوت نے کناری پر مقام کیا
روایت ہین ہی کہ تین سو تیرہ آدمی پانی نہ پینی سی بچی اور دوسری دن صبح کو
جالوت بڑی لشکر کو چلی اور جا کر اپنی لشکر پر مقام کیا اون ہین ایک شخص تہا
اولاد یہودا ہین اوسکا نام ایشا تہا اوسکی بیٹی تہی چہہ جوان تہی باپ کی
ساتہہ لشکر ہین آور ساتوین حضرت داود تہی سولہ برس کی شام کو
بڑی لشکر سی اپنی باپ اور بہائیون کی واسطی کہانا لیکر چلی راہ ہین

الْمَلٰٓئِكَةُ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ه
اور کہا واسطی اون کی نبی اون کی نی تحقیق نشانی بادشاہت اوسکی کی
یہ کہ آوی تمہاری پاس صندوق کہ بیچ اوسکی تسکین ہی پروردگار تمہارے
سی اور باقی ہی اوس چیز سی کہ چھوڑ گئی موسی والی اور ہارون والی
اوٹھا لاوین گی اوسکو فرشتے تحقیق بیچ اسکی البتہ نشانی ہی تمکو اگر ہو تم
ایمان والی فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ
مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَ
مَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً
بِيَدِهٖ ط پس جب جدا ہوا طالوت ساتہ لشکرون کی کہا تحقیق اللہ آزمانی کا
تمکو ساتہ ایک نہر کی پس جو پیوی اوسی پس نہین مجسی اور جو نہ چکہی اوسکو
پس تحقیق وہ مجسی ہی مگر جو بہر لی ایک چلو ساتہ ہاتہ اپنی کی فَشَرِبُوْا مِنْهُ
اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ
قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالَ الَّذِيْنَ
يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ
فِئَةً كَثِيْرَةً بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ه پس پی گیی
اوسمین سے مگر تہوڑی اوسمین سی پس جب پار اوترا اوسی وہ اور جو لوگ کہ ایمان لائے
تہی ساتہ اوسکی کہا اونہون نی نہین طاقت واسطی ہماری آج ساتہ جالوت کی اور لشکر

اوسکی دروازی پر رکہہ گئی صبح کو لوگون نی اوسکی دونون نشان دیکہہ کر
اوسکی بیعت قبول کی کہتی ہین کہ جالوت جب تابوت سکینہ کو لی گیا تہا ادب
نہ بجالایا جس شہر مین رکہا وبا پڑتی اور لوگ ہلاک ہوتی آخر عاجز
ہوکر ایک چہکڑی کی اوپر لاد کر اوسکو شہر سی نکال دیا اوسکو فرشتی
لی گئی اور وہان سی طالوت کے گہر پہنچا گئی ہو وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ
إِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا قَالُوا أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ
الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ
الْمَالِ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً
فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ وَاللّٰهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَن يَشَاءُ وَاللّٰهُ
وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ اور کہا اون کو پیغمبر اونکی نی تحقیق اللہ نی مقرر کیا
واسطی تمہاری طالوت کو بادشاہ کہا اونہون نی کہ کیونکر ہو اوسکو
بادشاہی اوپر ہماری اور ہم بہت حقدار ہین بادشاہتکی اوسی اور
نہین دیا گیا وہ کشایش مال سی کہا تحقیق اللہ نی پسند کیا اوسکو اوپر
تمہاری اور زیادہ دیا اوسکو پہیلاو بیچ علم کی اور جسم کی اور اللہ دیتا ہی
ملک اپنا جسی چاہی اور اللہ کشایش والا جاننی والا ہی وَقَالَ لَهُمْ
نَبِيُّهُمْ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَن يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ
مِّن رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَىٰ وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ

١٥٦

واسطی جوش نہ مارا اور عصا کسی کی قد کی برابر نہوا اتفاقاً اولاد بنیامین
سی ایک شخص تہا قد آور پہلوان علم خوب پڑہا لیکن کسب سقائی کا کرتا تہا
اور مشک بکہالین سیتا تہا اور کدہو نسیر پانی بہرتا تہا اوس کا گدہا کہو گیا
تہا وہ دہونڈتا ہوا حضرت شمویل کی دروازی پر آیا دیکہا کہ مجمع خلق ہی
واسطی تماشا دیکہنی کی اندر آیا اور اوسکی آنی پر اوس دہن القدس نے
جوش مارا حضرت شمویل نی فرمایا کہ اوسکو میری پاس لی آؤ جون جون
وہ پاس آیا زیادہ وہ جوش مارتا رہا پہر فرمایا کہ اس عصا کو اپنی قد سی ناپ
جب ناپا برابر ہوا اپنی رو برو بیٹہایا اور دہن القدس ہی اوسکی سر کو ملا
اور فرمایا کہ یہی ہی بادشاہ ہی اور اسکی ہاتہہ سی فتح ہوگی لوگونی اوسکی ذات
اور کسب تحقیق کیا معلوم ہوا کہ سقا ہی حقیر جانا اور کہا کہ یہ کس لائق ہی اور
سردار اور بادشاہت ہم مین چاہئی اور مفلس تنخواہ سپاہی کو کہہ سی
دیگا اسی فکر مین رہی کہ قبول کیجئی یا نہین حضرت شمویل نی فرمایا
کہ خزانہ خدا کی اختیار ہی اور قوت دل اور بدن خدانی اسکو دی ہی اور
علم اوسکو دیا ہی اللہ تعالی مالک ہے جسکو چاہی سلطنت دی اور
فرمایا کہ نشانی اسکی یہ ہی کہ تابوت سکینہ اسکی پاس آوی اور غیب سی خزانہ
اسکو ملجاوی قدرت الہی سی اسکو خواب مین معلوم ہوا کہ تیری دروازی کی
آگی صحن ہی اوسکو کہود خزانہ بہت نکلی گا اور تابوت سکینہ کو انکو فرشتی اوٹہا کر

شہر مین اکہٹی ہوئی یہود مین ایک صندوق تہا عہد کا با خدا اوسکو تابوت
سکینہ بہی کہتی تہی اوسمین تبرکات حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون
کی اور الواح توریت کی اور عہد نامہ بنی اسرائیل کا تہا اوس کا حکم یہ تہا
کہ لڑائی مین آگی رکہہ لیتی تہی اوسکی برکت سی فتح ہولی تہی اوس پر
ایک چیز تہی کہ جب باؤ چلتی تہول کر اوسمین سی آواز بلی کی لڑنی کی
سی نکلنی لگتی وہی نشانی قدرت کی تہی جب لڑائی مین وہ مدد نہ آئی تابوت
سکینہ بہی چہین لی گئی اوسوقت مین از نسل حضرت ہارون ایک
پیغمبر تہی اون کا نام حضرت شمویل تہا اونکی طرف رجوع کیا کہ ایک
بادشاہ مقرر کیجئی کہ اوسکی ساتہہ ہو کر لڑین اور فتح پاوین اونہون نی شرط
کی کہ زنہار اوسکی رفاقت مین اور اطاعت مین قصور کیجئی بنی اسرائیل نی
قبول نہ کیا حضرت شمویل نی التجا بجناب الہی کی کہ ایک عصا اور ایک
شیشے دہن القدس کی کہ ایک عطر تہا عالم غیب سی عنایت کیا اور
فرمایا کہ جس شخص کی آنی سی یہ دہن القدس جوش مارے اور یہ عصا اوسکی قد
کی برابر ہووے اوسکو بادشاہ کرو اور یہ عطر اوسکی سر کو مل دو حضرت
شمویل نی منادی کی تمام شہرون مین کہ بنی اسرائیل میری پاس آوین
اور مجہسی بیعت کرین جن قبیلو مین کہ انبیا اور بادشاہ اور امرا اور سپاہی
ہوتی چلی آتی تہی سبہون نی بیعت کی تب دہن القدس نی کسی کی

اگر لکہا جاوی اوپر تمہاری لڑنا یہ کہ نہ لڑو کہا اونہون نی اور کیا ہی ہمکو
کہ نہ لڑین بیچ راہ اللہ کی اور تحقیق نکالی گئی ہم گہرون اپنون سی اور
بیٹون اپنون سی پس جب لکہی گئی اوپر اونکی لڑائی پہر گئی مگر تہوڑی
اون مین سی اور اللہ جانتا ہی ظالمون کو **ف** الم تر الی الملاء من بنی
اسرائیل اللہ تعالی نی حضرت داؤد کی ترقی کرنی کا عزت سی طرف
سلطنت کی اور نبیون کا بیان فرمایا گویا بشارت ہی اس مین پیغمبر
خدا کو کہ تمکو بہی ہوگا روایت مین ہی کہ حضرت یوشع نی بہیجی حضرت
موسیٰ ع کی قوم عمالقہ کو بیت المقدس کی گرد سی قتل کیا اور کچہہ بہاگ
گئے اور مدت تلک بنی اسرائیل کو قوت رہی اور جو لوگ عمالقہ کی
گرد پیش رہتی تہی مغلوب اور ذلیل رہی یہان تلک کہ بعد کئی برس کے
بنی اسرائیل نے فسق زیادہ کیا حق تعالی نی عمالقہ کی سردار کو کہ جالوت
اوس کا نام تہا قوت اور شوکت دی اور بنی اسرائیل مین بسبب فسق
کی سستی آگئی جالوت اونکو شکست دیتا اور ملک اون کا چہینتا چلا
آیا یہان تلک کہ بادشاہ ان کا خود فوج لیکر اوسکی مقابل ہوا جالوت
ایک فوج لیکر اوسکی مقابل ہوا اور دوسری فوج بہیجی کہ بیت المقدس
مین بیٹہہ گئی اور بنی اسرائیل کی زن اور فرزند کو قابو مین کیا اور بادشاہ
یہود کا مارا گیا اور فوج یہود کی بیت المقدس مین آنسکی اور بہاگ کر اوس

ترجعون ہ کون ہی وہ شخص کہ قرض دی اللہ کو قرض اچھا پس
دونا کری اوسکو واسطی اوسکی دونا بہت اور اللہ بند کرتا ہی اور کشادہ
کرتا ہی اور طرف اوسکی پہیری جاوگی ف من ذالذی یقرض اللہ
قرضا حسنا آدمی جو کسی کو دیوی اور پہر لینی کی نیت رکہی وہی
قرض کہتی ہین جو کچہہ خدا تعالی کی راہ دیتی ہین اوسکی پہر لینی کی طریق
ثواب کی نیت سی کہتی ہین خواہ فقط آخرۃ مین اور خواہ دنیا اور آخرت مین
دونون مین اسو اسطی اس کا نام قرض رکہا فرمایا جو دنیا مین قرض دیتی ہو
اور پہر لیتی ہو اول اوسکا نفع لینا منع ہی بہاگی آدمی کا اور دوسری اوس کا
نفع تہوڑا ہوتا ہی اور اس کا نفع بہت سا ہی الم تر الی الملاء
من بنی اسرائیل من بعد موسی اذ قالوا لنبی لہم
ابعث لنا ملکا نقاتل فی سبیل اللہ قال ھل عسیتم
ان کتب علیکم القتال الا تقاتلوا قالوا وما لنا الا
نقاتل فی سبیل اللہ وقد اخرجنا من دیارنا و
ابنائنا فلما کتب علیہم القتال تولوا الا قلیلا
منہم واللہ علیم بالظلمین ہ کیا نہ دیکہا تو نی طرف سرداروں کی
بنی اسرائیل سی پیچہی موسی کی جب کہا اونہون نی واسطی نبی اپنی کی
مقرر کرو واسطی ہماری بادشاہ لڑین ہم بیچ راہ خدا کی کہا آیا نزدیک ہو تم

١٥٢

شکر کرتی ف قوله تعالی الم تر الی الذین خرجوا یهان سی ترغیب بیچ جهاد کی
فرمائی اور خرچ کرنی کی بیچ راه خدا کی هر طرح خصوصاً جهاد مین روایت
مین هی که بنی اسرائیل کی ایک شهر مین وبا پڑی وهان کی لوگ شهر چهوڑکر
بهاگی اور دو پهاڑ کی بیچ مین ایک دره تها اوسمین جاکر آباد هوئی اور دونون
طرف سی دیوار کرلی حق تعالی نی وهین وبا بهیجی ساری مرگئی اور اون کی بدن
وهین گل گئی ایک پیغمبر تهی حضرت خزقیل اکثر اوس جنگل مین وه عبادت
کیا کرتی تهی ایکبار اوس پهاڑ پر چڑهی بهت سی هڈیان مردون کی دیکهین عرض
کیا که الهی اس امت مین کوئی بڑی لڑائی نهین سنی که اتنی آدمی مارے
گئی هون ان کو کیا هوا حکم هوا که یه چاهتی تهی که هم قضا سی بهاگین همنی انکو
یهین مار لیا حضرت خزقیل نی عرض کیا که جیسا ایک بار مار لیا آپ قادر هین
که ایکبار جلاوین حق تعالی نی اون کی دعا قبول کی اور اونکو زنده کر دیا یه
قصه فرمایا اور سمجهایا که جهاد مین خوف موت کا هوتا هی اور موت بن قضا آتی
نهین اور موت سی بهاگنا فائده نهین دیتا بس جهاد کو چهوڑا چاهی اسواسطی
فرمایا که وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ
عَلِيمٌ ۞ اور لڑو بیچ راه الله کی اور جانو یه که الله سننی والا
جاننی والا هی مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا
فَيُضٰعِفَهُ لَهٗ اَضْعَافًا كَثِيرَةً ۚ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ وَاِلَيْهِ

بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝ اور واسطی طلاق والیونکی فائدہ دینا ہی چاہتے اچھی طرح کی لازم ہوا اوپر پرہیزگارون کی اسیطرح بیان کرتا ہی اللہ واسطی تمہاری نشانیان اپنی توکہ تم سمجھو ف قولہ تعالی وللمطلقت الخ فرمایا کہ جسطرح نکاح مین دستور نہین کہ فقط دو بول کر وطی کرنی لگی بلکہ تھوڑا یا بہت اُس وقت مین دیوی خواہ برسم بری کی خواہ برسم رونمائی خواہ بنام مہر اور باقی بھی اسیطرح طلاق مین بہی یہ دستور نہین ہی کہ ایک لفظ طلاق بولا اور رو ہین نکال دیا بلکہ کچھ سلوک اُس وقت کیجیی اگر باقی مہر ہووی تو وہ دیجیی اور مہر نہووی تو کچھہ کپڑا دیجیی یا کچھہ خرچ عدت دیجی یا عدت گذرنی تلک مکان مین رہنی کا سلوک کیجیی دستور یہ ہی اگرچہ بعضی جاگہہ واجب نہین ہوتا دینا لیکن احسان کرنا بہتر ہی واللہ اعلم بالصواب اَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَهُمْ أُلُوفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللَّهُ مُوتُوا ثُمَّ أَحْيَاهُمْ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ۝ کیا نہ دیکھا تو نی طرف اون لوگون کی کہ نکلی گھرون اپنی سی اور وہ ہزارون ڈر موت کی سی پس کہا واسطی اونکی اللہ نی مر جاؤ پہر جلایا اونکو تحقیق اللہ البتہ صاحب فضل کا ہی اوپر لوگونکی اور لیکن بہت لوگ نہین

يتوفون منكم اس آيت مين حكم هوا تها كه جن عورتون كي
خاوند مر جاوين اپني وارثون كو وصيت كر ديوين كه اس عورت كو برس
دن تلك گهر سي نكالي نه مت جو اپني خوشي سي چلي جاوي مختار هي اور
پهلي آيت مين حكم هوا كه چار مهني دس دن تلك انتظار كرين بعد اسكي
دوسري نكاح كو مختار هي بعضي لوگون ني سمجها كه پهلي آيت
پيچهي اوتري هي اور ناسخ هي اور دوسري آيت پهلي
اوتري تهي اور منسوخ هو گئي كه اگلا حكم عدت برس دن تلك اوسيه بات
بي تحقيق اس مين حكم عدت كا عورتون كو نهين هي بلكه خاوندون كو هي
كه وصيت كرين گهر سي نه نكال ديني كي نه عورتون كو نكاح سي منع كرني
كي بلكه فرمايا هي كه اگر واسطي نكاح كي چلي جاوين مختار هين ليكن يه حكم
پهلي ميراث سي تها بعد مقرر هوني ميراث كي آپهي عورتين مالك هو گئين آٹهوين
حصي كي ميراث مين حاجت وصيت كي نه هي اور بعض لوگ كهتي هين
كه يه آيت منسوخ هي ساتهه اس حديث كي كه لا وصية لوارث يه بات
بهي بي تحقيق هي اس واسطي كه وصيت جو وارث كو نهين وصيت تمليك هي
تو كه اوسكا حق كم زياده نه كر ڈالين يه وصيت تمليك كي نهين بلكه
اباحت عاريت كي هي اگر چاهي رهنا اور وصيت كرنا وارث كو واسطي تاكيد
اداي حق كي يا واسطي اداي قرض كي منع نهين هي وللمطلقت متاع

حالتین ہین ایک یہ کہ خبر ہی غنیم کی آنی کی یا آیا ہی روبرو اور ابہی ہتیار
نہین چلا ایسی وقت مین نماز خوف پڑہنی بیان اس کا سورہ نسا مین
آ چکا دوسرا یہ کہ قراولی ہونی لگی اوس وقت مین سوار پیادے اپنی
جگہہ کہڑی کہڑی نماز پڑہ لیوین جس طرف مونہہ ہو قید قبلہ کی
نہین ہی مگر تکبیرات کہے اور الحمد اور قل ہو اللہ پڑہی اور رکوع اور
سجدہ کو سر جہکا کر باشارت مگر سجدہ کو رکوع سی زیادہ سر جہکاوین
ہاتہہ باندہ لیوین اور سامنی مخالف کو دیکہتی رہین اور چلنی پہرنی
کی حاجت ہو تو توڑ ڈالین اور پہر قضا کرین اور تیسرے یہ
کہ حملہ ہو اوس وقت اس کی قضا پڑہ لیوی وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ
مِنكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِّأَزْوَاجِهِم
مَّتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ
عَلَيْكُمْ فِي مَا فَعَلْنَ فِي أَنفُسِهِنَّ مِن مَّعْرُوفٍ
وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ اور جو لوگ مر جاتی ہین تم
مین سی اور چہوڑ جاتی ہین جوروان وصیت کر جائین واسطے
بی بیون اپنون کی فایدہ ایک برس تک نہ نکال دینا پس اگر نکل
جاوین نہین گناہ اوپر تمہاری بیچ اوس چیز کی کہ کیا اونہون نی بیچ
جانون اپنی کی اچہی طرح سی اور اللہ غالب ہے حکمت والا ف والذین

١٤٦

فائدہ حافظوا علی الصلوات والصلوة الوسطی الخ یہہ جو اس آیت کی اوتری سی نماز میں کچہ بات ضروری کہتے تہی جب آیت نازل ہوئی نماز میں بولنا موقوف ہوا پس قانتین کے معنی چپکے رہنے کے ہیں اور اس میں قیام اور رکوع اور سجدہ اور کہڑا رہنا اور بیٹہنا نماز میں برابر ہی کسی میں نہ بولے اور بعضوں نے قوموا کا لفظ دیکہہ کر قانت کے معنی قرآن پڑہنے والے کے سمجہے اور نماز وسطی بقول غالب نماز عصر ہے اسوسطے کہ آدمی جو صبح کو اوٹہا گویا نئے سر سے پیدا ہوا جب تک کہ عشا پیچہے سوتا ہے جہان سے بے خبر ہو جاتا ہے اس عرصے میں دونوں نماز میں عصر کے پہلے اور دو نماز میں پیچہے ہوتی ہیں اور طلاق کے مذکور میں نماز کا مسئلہ لانا سمجہاتا ہے اسبات کا کہ ہرچند معاملات دنیا کے بہی احکام الہی ہیں لیکن چاہیے کہ آدمی اون میں بہت غرق نہو دم بدم دل اللہ کی عبادت میں رکہے فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا فَاِذَا اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ پس اگر ڈر ہو تم کو تو پیادے یا سوار پس جب امن میں آؤ پس یاد کرو اللہ کو جیسے کہ سکہایا تمکو جو نہ تہے تم جانتے فائدہ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا فرمایا کہ محافظت نماز کی اتنی چاہیے کہ جیسے لڑائی میں کمال تشویش کا وقت ہوتا ہے نماز کو نہ چہوڑے اور ...

یہ دوسری قسم مذکور ہی اس آیت مین وان طلقتموهن من
قبل تیسری قسم یہ ہے کہ صحبت ہوئی ہوا ور مہر بہی مقرر ہو ہو سو
نسا ر مین فرمایا ہی فما استمتعتم به منهن فاتوهن
اجورهن فریضة اس مین سارا مہر دینا آتا ہی جو تہا یہ کہ صحبت
ہوئی اور تقرر مہر ہوا مہر مثل دینا آتا ہی سارا یہ حدیث مین
ثابت ہوا ، وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ
وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ
اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ
لِلتَّقْوٰى وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
بَصِيْرٌ ہ اور اگر طلاق دو تم اون کو پہلی اس سی کہ ہاتہہ
لگایا ہو اون کو اور تحقیق مقرر کر لیا ہی واسطی اونکی مقرر کرنا
پس آدہا اوس چیز کا ہی جو مقرر کیا ہی مگر یہ کہ معاف کرین وہ یا معاف کری
وہ شخص کہ بیچ ہاتہہ اوسکی کی ہی گرہ نکاح کی اور یہ کہ معاف کرو تم
نزدیک ہی واسطی پرہیزگاری کی اور مت بہول جاؤ بزرگی کو درمیان
اپنی تحقیق جو کرتی ہو تم دیکہنی والا ہی حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَ
الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ہ محافظت کرو اوپر
نمازون کی اور نماز بیچ والی پر اور قایم ہو واسطی اللہ کی جب کے

باہنین اور اوسی صحبت ہوئے ہی یا ہنین اور مراد صحبت سی خلوت سی صحیحہ ہی
کہ مکان خالی مین بغیر موانع شرعی کی یا عرفی کی جیسی دونکا مرض
یا دونون کا روزہ یا عورت کا حیض یا کسی زبردست کا منع کرنا درمیان
مین نہووی اسطرح سی دونو جمع ہووین بیداری مین اور عورت ممانعت
نکری یہ خلوت صحیح ہی پہلی قسم اس آیت مین ہی کہ نہ مہر مقرر ہوا ہی اور
نہ صحبت ہوئے ہی اسکا بیان اس آیت مین ہی کہ طلاق دی تو
کچہہ دی کر رخصت کری ایک جوڑہ دیوی یا دوپٹہ دیوی یا کچہہ
کہانا یا نقد دیوی مگر کچہہ دینا ضرور ہی اوسکو متعہ طلاق کہتی ہین
دوسرا یہ ہی کہ صحبت نہین ہوئی اور مہر مقرر ہوچکا ہی اوسکو
جو طلاق دیوی تو آدہا مہر دینا آتا ہی لیکن دونو مختار ہین اگر
عورت ہمت کری سارا بخشدیوی اور مرد ہمت کری سارا دیوی
اور اگر دونو ہمت نکرین تو آدہا دینا آتا ہی کہ مہر جزو ہی نکاح کا بن
مہر کے نکاح کیونکر ہو جواب یہ ہی کہ حلال ہونی صحبت کی واسطی
ضرور ہی بغیر اسکی درست نہین اور بغیر مہر کی مقرر کئی اور ذکر مجمل ہو
کہ آپس مین ہم مقرر کرلیوینگی خوشی سی یا بہول گیا ہووی تو
نکاح درست ہو جاتا ہی اور مہر مثل کا لازم ہو جاتا ہی پس مہر
جزو نکاح کا ہی نہ ذکر نا یا مقرر نکرنا وقت نکاح کی یہ جزو نکاح کا نہین

١٤٥

اتفاق ہو جاوے کبھی تو نیکنام ہی بہتر اکوئی خواستگار پیدا ہو رہیگا اسکا
مضائقہ نہین اور دل مین بہی عزم نہ لاوی نکاح کا پس اگر نکاح کرلی
عدت مین کوئی وہ نکاح فاسد ہی اوسی عورت حلال نہین ہوتی بعد
عدت کی اور نکاح کرلیوی وَاعْلَمُوا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيٓ
اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
حَلِيْمٌ ع اور جانو یہ کہ اللہ جانتا ہی جو ہیچ جیون تمہارےکی ہی پس
بچو اوسی اور جانو یہ کہ اللہ بخشنی والا تحمل والا ہی لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ
فَرِيْضَةً ۚ وَّمَتِّعُوْهُنَّ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ
قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ہ نہین گناہ
اوپر تمہاری اگر طلاق دو تم عورتونکو جب تک نہین ہاتھہ لگایا اونکو یا نہین مقرر
کیا واسطی اونکی مقرر کرنا اور فائدہ دو اونکو اوپر کشایش والی کی ہے
قدر اوسکی اور اوپر تنگی والی کی ہی قدر اوسکی فائدہ دینا ساتھہ اچھی
طرح کے ثابت ہوا اوپر نیکی کرنیوالون کی ف لاجناح علیکم
ان طلقتم النساء ایک راہ سی طلاق کی چار قسمین ہین دو یہان
ذکر ہوئی ہین اور ایک سورہ نساء مین اور جو تہی حدیث مین آئی ہی قرآن
شریف مین نہین ہی جس عورت کو طلاق دیتا ہی اوسکا مہر معین ہوچکا ہی

اور انکھین دکھنی ہین ایلوا لگانا اور جو چیز کہ رنگ چہرہ کا صاف کری اگرچہ
بعضون کو بسبب عادت کی ضرور پڑتا ہی لیکن نکری آیدونو عدتین طلاق کی
اور موت کے واسطی عورتون ازاد ہین حمل والیوکی ہی اوسکا حمل آکی عدت جن چکنا ہی خواہ ایک دن
مین خواہ ایک س مین اور لونڈی بن حمل والی کی جو نکاح مین ہو کسی کی عدت طلاق کے
واسطی اوسکی دو حیض ہین اور نہایت طلاق اوسکی دو مرتبہ ہی اور عدت واسطی موت کے
دو مہینی پانچ دن ہین بیچ عدت کے عورتکو نکاح کرنا اور خاوند سی جانا ہی اور جو کوئی
نکاح سی منع کری گنہگار ہی مگر بدراہی سی منع کرنا واجب ہے اور جاننا چاہی کہ عدت بعد
صحبت کے ہی اور جو صحبت ہووی تو عدت ہے نہین وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُم
بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنتُمْ فِي أَنفُسِكُمْ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ
سَتَذْكُرُونَهُنَّ وَلَٰكِن لَّا تُوَاعِدُوهُنَّ سِرًّا إِلَّا أَن تَقُولُوا قَوْلًا مَّعْرُوفًا
وَلَا تَعْزِمُوا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ اور نہین گناہ اوپر
تمہاری بیچ اوس چیز کے کہ پردہ کیا تمنی ساتہ اوسکی منگنی عورتونکی سے یا چھپا رکہا اوسکو بیچ جیون
اپنی کی یا جانتا ہی اللہ یہ کہ تم البتہ ذکر کروگی اونکا اور لیکن مت وعدہ دو چھپی ہووے مگر یہ کہو اونکو
بات اچھی اور محکم کرو گرہ نکاح کی یہانتک کہ پہنچی لکہا ہوا وقت اپنی کو ف ولاتخاطب جبیہ عورتکو پیغام
کہنا منع ہی ویسا مرد کو بہی عورت کی پاس پیغام بہیجنا منع ہی کہ خاص
رغبت بیچ نکاح اوسکی کی ظاہر کری نہ اپنی طرف سی نہ اور کی طرف سے
لیکن اگر مبہم بات کری جیسا کہ مجھی نکاح کا ارادہ ہی جہان کہین

پس اگر ارادہ کریں دودہ چہوڑانا رضامندی سی آپس مین اور مصلحت سی پس نہین
گناہ اوپر اونکی اور اگر ارادہ کرو تم یہ کہ دودہ پلاؤ اولاد اپنی کو پس نہین گناہ
اوپر تمہارے جب سونپ دیا کیا ہی جو کچہ کہ دینا کیا ہی ساتہہ اچہی طرح کی اور ڈرو
اللہ سی اور جانو تحقیق اللہ ساتہہ اوس چیز کی کہ کرتی ہو تم دیکہنی والا ہی
وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ
بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ
فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ اور جو شخص مر جاتی ہین تم مین سی اور چہوڑ
جاتی ہین جوروین انتظار دیوین جانون اپنی کو چار مہینی اور دس دن
پس جب پہنچین وقت وعدی اپنی کو پس نہین گناہ اوپر تمہاری بیچ
اوس چیز کی کہ کرتی ہین بیچ جانون اپنی کی ساتہہ اچہی طرح کی اور اللہ
ساتہہ اوس چیز کی جو کرتی ہو تم خبردار ہی والذین یتوفون تین جیض مدت انقطاع
نکاح کی تہی بسبب طلاق کی اور جو انقطاع نکاح کا بسبب موت کی ہو جاوی اوسکی
عدت چار مہینی اور دس دن ہین اتنی مدت زینت نہ کری خوشبو نہ لگاوی
رنگین کپڑہ نہ پہنی اور گہنا نہ پہنی اور گہر سی باہر نہ جاوی مگر جو حاجت
بہت ضرور ہو کہ اور کسی کی ہاتہہ سی نہین نکلتی ونکو جاوی اور کام کر کر اپنی
گہر مین آ رہی اور کسی پیغام نکاح کا نکری اور پان کہانا اور مسی لگانی

١٤٢

١٤١

نہ ضرر دی جاوی کی مان ساتہہ بچی ہیسی کی اور نہ باپ ساتہہ بچی اپنی کی اور اوپر وارث کی ہی مثل اسکی فـ والوالدات یرضعن جو عورتین نکاح مین ہین خاوند کی سر پر کہاتی ہین اولاد کو دودہ پلاتی ہین جب نکاح جاتا رہی تو دودہ پلانی کا مسئلہ فرمایا ایک یہ کہ حرمت کا حکم دودہ کا دو برس تک ہی اسی زیادہ نہین اور بغیر عارضی کی اسی زیادہ نہ پلادی اور باپ کو لڑکی کی روک کر دینا چاہی کہ اگر دوسری کی نکاح مین جاوی گی دودہ پلانا نہو سکی گا اور نکاح نکری تو کہان سی کہاوی اور اسی معلوم ہوا کہ اولاد باپ کی ہی لیکن اسمین مان باپ دونون کو بسبب بچی کی ایذا نہ دیوی اگر باپ کو مقدور ہووی تو مقدور سی زیادہ مان لڑکی کی نہ مانگی اور اگر مان لڑکی کی عارضہ سی ہو یعنی باخواہش نکاح کی زیادہ ہو باپ لڑکی کا اوس پر جبر نکری کہ تو ہی دودہ پلا بلکہ دوسری سی دودہ پلوالیوی اوس کو کہانا اور کپڑا دیوی اور جو :: باپ مرجاوی یا دور چلا جاوی اور وارث اسی طرح خرچ کرین اور لڑکی پلواوین اور جب دودہ چہڑا دین تو توت اور حال لڑکی کا دیکہہ کر مصلحت سی چہڑاوین فَاِنۡ اَرَادَا فِصَالًا عَنۡ تَرَاضٍ مِّنۡهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡهِمَا ؕ وَاِنۡ اَرَدۡتُّمۡ اَنۡ تَسۡتَرۡضِعُوۡٓا اَوۡلَادَكُمۡ فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡكُمۡ اِذَا سَلَّمۡتُمۡ مَّآ اٰتَيۡتُمۡ بِالۡمَعۡرُوۡفِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعۡلَمُوۡٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ۝

نہین جاتی **ف** واذا طلقتم النساء فبلغن اجلهن فلا تعضلوهن
یہان مراد پہنچنی سی تمام ہوجانا اور گذر جانا وقت عدت کا ہی اگر بعد
جدا ہونی کی پہر رغبت رکہتی ہین ساتہہ نکاح ثانی کی کرین تو وارث عورت
کی غیرت اور غصی سی منع نہ کری کہ اس خاوندنی بدسلوکی کی اس سی نکاح
نہین کرنی دیتی اور سی نکاح کردیوین گی بلکہ پہلی خاوندسی جفائی ہوجانے
بہتر ہی آپہین پردہ عورت کا اور آشنائی خوبو سی زیادہ ہی منقول ہی
یسار صحابی کی بہن کو اوسکی خاوند نی طلاق دی تہی اونہون نی سمجہایا
کہ پہر رجعت کرلی اوسنی نمانا یہ غصی بہت ہوئی جب عدت تمام ہوگئی بہی
پیغام بہیجا نکاح کا اونہون نی منع کیا اور بی بی اوسکی راضی تہی
حق تعالی نی یہ آیت نازل فرمائی وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ
أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ
وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لَا تُكَلَّفُ
نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا لَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ لَهُ
بِوَلَدِهِ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذَٰلِكَ اور بچی والیان دودہ پلاوین اپنی لڑکی
کو دو برس پوری واسطی اوسکی کہ ارادہ کری یہ کہ پورا کری دودہ پلانا
اور اوپر اوسکے کہ لڑکا ہی اوس کا کہلانا اون کا اور پہنانا اون کا
ساتہہ اچہی طرح کی نہین تکلیف دیا جاتا کوئی جی مگر طاقت اپنی پر

اور مت پکڑو نشانیوں اللہ کی کو ٹھٹا اور یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنی
اور وہ چیز کہ اوتاری اوپر تمہاری کتاب سے اور حکمت سے نصیحت کرتا ہی
تمکو ساتہہ اوسکی اور ڈرو اللہ سے اور جانو تحقیق اللہ ساتہہ ہر چیز کے
جاننے والا ہی ف فاذا طلقتم النساء فبلغن اجلهن فامسکوهن
بمعروف مراد پہنچ جانی سی نزدیک پہنچنا ہی تمامی عدت کی پہلی تمام
ہو جانی سی چنانچہ کہا کہ اوس وقت اگر رکہنا ہی تو رجعت کر اور جو چہوڑنا ہی
تو بہر قید نکرو کہ وہ نکاح سی بند ہے رہین اور دونو باتون مین
نیت بد ایذا دینی کی نرکہو اور بدخوئی نکرو ۔ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ
فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ یَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ
اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ
مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ذٰلِكُمْ
اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ
اور جب طلاق دو تم عورتون کو پس پہنچ جاوین وعدی اپنی کو پس منع
کرو اون کو یہ کہ نکاح کرین پہلے خاوند اپنی سی جب رضامند ہون
آپس مین ساتہہ اچہی طرح کی یہ بات نصیحت کیا جاتا ہی ساتہہ اوسکی
جو کوئی ہو تم مین سی کہ ایمان لاوی ساتہہ اللہ کی اور دن پچہلی کے
یہ بات بہت پاکیزہ ہی تمکو اور بہت پاک ہی اور اللہ جانتا ہی اور تم

اور خاوندسی نکاح کری اور اوسی بعد نکاح کی صحبت بہی واقع ہووی
اگر اوس دوسرے خاوندسی جدا ہووی بسبب طلاق کی یا اوسکی
موت کی اور اوسکی عدت گذرجاوی بہر اس پہلی خاوند کی واسطے
حلال ہوجاتی ہی اگر نکاح کری حلال ہی اور از سرنو مالک
تین طلاق کا ہوجاوی گا اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ط
